دیوانِ نصیری

اور

بہشتِ آسمانی

پروفیسر ڈاکٹر

علامہ ضیاء الدین ضیاء ھوزائی

(ستارۂ امتیاز)

دیوانِ نصیری

اور

بہشتے اسقرگ

یکے از تصنیفات

پروفیسر ڈاکٹر الاسٹر

علامہ ناصر الدین ناصر کھوتنزالی

ڈاکٹر آف لیٹرز (آنریری) ڈسٹنگوشڈ سینیئر پروفیسر، سینیئر یونیورسٹی کینیڈا۔ یو ایس۔ اے

شائع کردہ:

دانشگاہ خانہ حکمت

ادارۂ عارف

3 اے نورویلا۔ گارڈن ویسٹ کراچی 3 پاکستان

www.monoreality.org

کتاب کے حقوق

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم ۔ اَللّٰھُمَّ اِنّی اَسئَلُکَ بِاَسمَاءِ کَ الحُسنٰی۔

اس کتاب (دیوانِ نصیری) کے جملہ حقوق محفوظ ہیں، بنامِ عزیز تر از جانم حُبِّ علی ثانی ابنِ امین الدّین ہونزائی ابنِ ایثا ر علی (مرحوم) ابنِ علامہ نصیر الدّین ہونزائی (ایس ۔آئی) ابنِ خلیفہ حُبِّ علی اوّل ابنِ خلیفہ محمّد رفیع ابنِ فولاد بیگ ابنِ شمشیر بیگ۔

دیوانِ ھٰذا کی تمام نظموں میں عشقِ سماوی کی دولتِ لازوال بھری ہوئی ہے، الحمدُ لِلّٰہ! حضرتِ امامِ زمان صلوات اللّٰہ علیہ نے اپنے ایک پاک فرمان میں بُروشو جماعت کی اس مدح خوانی کو شرفِ قبولیت عطا فرمایا ہے، اور اہلِ دانش کے نزدیک یہ مولائے پاک کے نورِ لطف ومحبت کی روشنی ہے جس کی پیش گوئی بمبئی ۱۰ مارچ ۱۹۴۰ء میں ہوئی تھی، امامِ عالی مقام کی ہر پیش گوئی ظہور پذیر ہوکر رہتی ہے، حضرتِ مولانا امام سلطان محمّد شاہ صلوات اللّٰہ علیہ کا یہ فرمانِ مبارک کتابچۂ حکمتِ تسمیہ کے آغاز میں محفوظ ہے۔

ن۔ن۔(حُبِ علی) ہونزائی (ایس۔آئی)

منگل ۳، اپریل ۲۰۰۱ء

October, 1961

My Dear Spritual child,

I received your telegram, and I give you my best loving blessings for your devoted services. I am very happy to know that you have completed the Ginan Book in Hunzai language.

Yours, affectionatly,

Aga Khan.

BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY
living ancient language

Al-vaez Nasiruddin Nasir Hunzai
c/o H.H. Aga Khan's Ismailia Council
RAWALPINDI
W. PAKISTAN

ترجمۂ فرمانِ مبارک

مورخہ ۹/ اکتوبر ۱۹۶۱ء

میرے عزیز رُوحانی فرزند

مُجھے تمہارا برقِیہ موصُول ہُوا، اور میں تمہاری فداکارانہ خدمات کے عوض میں اپنی بہترین شفقت آمیز مبارک دُعائیں دیتا ہوں ۔ میں یہ جان کر بہت ہی خُوش ہُوا ہُوں کہ تُم نے ھونزائی زبان میں گنان کی کتاب مکمّل کردی ہے۔

BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY
living ancient language

تمہارا مشفق
آغا خان

الواعظ نصیر الدین نصیر ہونزائی
بمعرفتِ: ایچ۔ایچ آغا خان اسماعیلیہ کونسل
راولپنڈی
مغربی پاکستان

ایک انتہائی اہم تاریخی یادداشت

میر محمّد غزن خانِ ثانی میر آف ھونزہ نے ۱۹۴۰ء میں ایک خاص شاہانہ مہمانی حضرتِ مولانا امام سلطان محمّد شاہ علیہ السّلام کے حضور میں بھیجی اور حضرتِ امامِ اقدس سے یوں درخواست کی کہ یا مولا آپ کے راسخ العقیدت مرید آپ کی مبارک آواز سننا چاہتے ہیں، تب حضرتِ امام نے میر آف ھونزہ کی اس درخواست پر ۱۰ مارچ ۱۹۴۰ء کو فارسی میں فرمان فرمایا۔

شہزادہ جمال خان ریڈیو سیٹ کر رہا تھا اور جناب حاجی قدرت اللہ بیگ صاحب اور جناب دارا بیگ صاحب دونوں نے بڑی تیزی اور کمالِ مہارت سے فارسی فرمان مبارک کو ضبطِ تحریر میں لایا، پس میر غزن خان کی خواہش اور درخواست کی وجہ سے اس بابرکت فرمان کا خاص تعلق ھونزہ سے ہوگیا۔

ن۔ن۔(حُبِّ علی) ھونزائی (ایس۔آئی)

منگل یکم مئی ۲۰۰۱ء

ایک خصوصی فرمان برائے شمالی علاقہ جات اور اس کے دُوررس فیوض و برکات

فرمانِ مبارک بذریعۂ ریڈیو بنامِ جماعتِ ہونزہ وگلگت

بمبئی ۱۰، مارچ ۱۹۴۰ء

شمالی سرحداتِ ہندوستان کی تمام جماعتوں مثلاً چترال، ھونزہ، گلگت، اور بدخشان کے تمام دوستداروں اور اخلاص مندوں کو نیک دعا میں یاد کرتا ہوں، یقین رکھو کہ میری محبت و عنایت کا نور ھونزہ کی پوری جماعت پر سورج کی طرح طلوع ہو جائے گا۔

مرد، عورت، چھوٹے، بڑے، جوان اور بوڑھے سب میرے روحانی فرزند ہیں، میں تم کو ہرگز فراموش نہیں کرتا اور نہ کبھی فراموش کروں گا، دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔

اپنی اولاد کو علم سکھانے کے لئے کوشش کرتے رہنا، یورپ کی زبانیں اور انگلش سیکھنے کے لئے کوشان رہنا، اپنے وقت کے

حاکم کے حکم کو ماننا، چھوٹوں اور ماتحتوں پر مہربان ہو جانا۔

ارشاد از حضرت مولانا امام سلطان محمّد شاہ صلوات اللہ علیہ
حوالۂ کتابچۂ حکمتِ تسمیہ ص ۲

B R A
BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY
living ancient language

BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY

living ancient language

فہرستِ عنوانات

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱	تعارف	۱۷
۲	تمہید	۲۷
۳	دیباچۂ طبعِ جدید	۳۹
۴	لشکرِ اسرافیلی	۴۹
۵	اسرافیل = جد = فرشتۂ عشق	۵۳
۶	بُروشوقوم اوران کے آباواجداد کو ھزاروں سلام!	۵۵
۷	کمپیوٹر ماڈرن ٹائپنگ کی بیمثال خدمت کا سرخمیدہ شکریہ	۵۸
۸	دیوانِ نصیری	۶۱
۹	بہشتے اسقرک	۲۷۵
۱۰	نئی نظمیں	۳۴۹

BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY
living ancient language

نظموں کی فہرست

نظم نمبر	سرِآغاز	تعدادِ اشعار	ردیف	موضوع	صفحہ
۱	علی سلطان محمد شا!	۷	الف	روحانیت اور اپنائیت	۶۱
۲	ہمیشہ نورہ دمن	۱۳	//	تُو ہی تُو ہے	۶۳
۳	جاالتو دنیا تکۂ شہنشا	۲۰	//	اشتیاقِ دیدار	۶۶
۴	جااسہ شریارہ ہٹ	۱۳	//	سوالات بحضورِ مولا	۷۰
۵	اُنہ گنہ اس یو ہی	۲۰	//	چورژُولہ جاجی فدا	۷۳
۶	ژُولہ حکمتہ سا!	۱۶	//	عاشقانہ دُعا!	۷۷
۷	اُن نورہ تجلّی شان	۱۴	//	سلطان محمد شاہ!	۸۰
۸	جہ اُنے عاجز گدان	۱۰	//	حقیقی علم کے فروغ کیلئے دُعا	۸۳
۹	علیؑ مُرتضٰی دیمی	۱۱	//	حصولِ دیدار کی شُکر گزاری	۸۵
۱۰	معرفتہ بزمرگری	۱۵	//	سلطان عنقریب آہی رہا ہے	۸۷
۱۱	وقتہ دمنہ غیبہ نور	۱۶	ب	روح اور رُوحانیت کی کتاب	۹۰
۱۲	مومنہ قلبہ عرش لو	۲۱	//	رُوحانیت کے عجائب وغرائب	۹۳

BRA
BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY
Living Ancient Language

نظم نمبر	سرِآغاز	تعدادِ اشعار	ردیف	موضوع	صفحہ
۱۳	شلہ سرہ چغہ	۱۰	پ	اَب کیا چھپانا	۹۷
۱۴	جیّہ الچنہ گریٔ	۸	//	نورانی دیدار	۹۹
۱۵	عاشقان مولا تجلا	۱۸	ت	احوالِ مستی	۱۰۱
۱۶	یا علی سلطان قبولا	۷	//	مناجات	۱۰۴
۱۷	اسہ تخت اُنہ یہ ژومولا	۱۲	ٹ	عرشِ قلبی	۱۰۶
۱۸	اُمّ الکتاب غراسُ لو	۱۰	ث	اُمّ الکتاب	۱۰۸
۱۹	نورہ مولا تجلا	۱۰	ج	ہماری اصل محتاجی	۱۱۰
۲۰	نورہ دمنہ یکُ لوبان	۱۳	چ	رعایائے روحانی	۱۱۲
۲۱	ہِن نُجُو نہ صورتُ لو	۹	ح	ظہوراتِ رُوح	۱۱۵
۲۲	اُنہ شُلہ فُو اسر بلسؑ	۱۰	خ	محبوبِ روحانی	۱۱۷
۲۳	مُو اُنلہ بشکیم	۱۸	د	یا علیؑ مدد	۱۱۹
۲۴	جنّتہ اُیمکُ	۱۱	ر	حقیقی لذّتیں	۱۲۲
۲۵	ہِن خدایہ نور	۱۲	//	نُورِ الٰہی کی روشنی میں	۱۲۴
۲۶	مولا مچھچی دیدار	۱۳	//	مبارک ہو!	۱۲۶
۲۷	بشرہ کمالہ حدُ لو	۱۱	//	ظہورِ نور	۱۲۹
۲۸	مولا گوئیرُم بآی کہ	۱۹	//	عاشقانہ گریہ وزاری	۱۳۱
۲۹	نُورُلوٗ تِل معجزکُ	۱۲	ز	نورانیت کے راز	۱۳۷

BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY
living ancient language

نظم نمبر	سرِ آغاز	تعدادِ اشعار	ردیف	موضوع	صفحہ
۳۰	دنیا کہ قیامتہ گنہ	۱۰	س	کیوں	۱۳۹
۳۱	حضرتِ سُلطانہ	۱۰	ں	جذباتِ جان نثاری	۱۴۱
۳۲	یارب قبول مے	۹	//	وطنِ عزیز کے حق میں دُعا	۱۴۳
۳۳	گُجرس سروہ	۱۰	//	اظہارِ عقیدت ومحبت	۱۴۵
۳۴	نورہ دمن ئین با	۱۰	ص	خلاصی اورنجات	۱۴۷
۳۵	خدایہ نورہ جلواڈم	۱۳	ک	مستقبل میں کیا ہوگا؟	۱۴۹
۳۶	واجیّہ جیّہ یار!	۱۸	م	تعظیم کے ساتھ سلام	۱۵۲
۳۷	السّلام یاشاہِ مردان!	۲۰	//	السّلام	۱۵۵
۳۸	نورہ شمع گُسِکلہ	۹	//	مستانہ کلام	۱۵۹
۳۹	جاچغہ مِکْ اُیَم یار	۲۰	//	میں ہرگز نہ بھُولوں گا	۱۶۱
۴۰	غیبہ برِ کرکہ دمن	۱۹	//	رُوحانی مشاہدات	۱۶۵
۴۱	بِد دیٹہ عجب معجزہ	۱۲	//	بُنیادی معجزہ	۱۶۸
۴۲	عالم ٹہ تھانُم منتس	۶	//	سبز پرچم	۱۷۰
۴۳	بلی کہ می وطنر	۱۶	//	تشریف آوری کے فیوض وبرکات	۱۷۲
۴۴	سلطانہ نورہ رحمتہ	۱۴	//	شرابِ حقیقی کی سرمستی	۱۷۵
۴۵	ازلہ نورہ تن	۱۴	//	نورِ مولا کریم	۱۷۸
۴۶	زمین کے آسمانکہ	۹	ن	امامِ وقت کے اوصاف	۱۸۱

BRA
BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY
living ancient language

نظم نمبر	سرِ آغاز	تعدادِ اشعار	ردیف	موضوع	صفحہ
۴۷	می جیؔ کہ عقلہ شریار	۱۱	ن	فرمان سب کچھ ہے	۱۸۳
۴۸	دین کہ دُنیا قرار	۱۳	//	امامِ زمان	۱۸۵
۴۹	مستانہ شُگلو	۱۰	//	مستانہ معشوق کو مطلع کرو	۱۸۸
۵۰	پاک مولا شُلہ سیس!	۱۰	//	ایک ہمہ رس دُعا	۱۹۰
۵۱	خدایہ نور خدایہ شان	۱۱	ق	میرے امام ایسا کون ہے	۱۹۲
۵۲	دیدارہ خمور باکہ	۱۱	و	ہُنرِ عشق	۱۹۴
۵۳	خدایہ عشقہ کتابن	۱۳	//	کتابِ کائنات	۱۹۶
۵۴	ہونزو علمہ کان	۱۳	//	ھونزہ شاہ کریم کے عہد میں	۱۹۹
۵۵	اس داڈووہ	۹	//	اے میرے دل کے مکین	۲۰۲
۵۶	لعلکہ کا تول مناس	۸	ہ	شاہنشاہِ جشنِ جواہر	۲۰۴
۵۷	ازلہ استاد	۱۴	ی	صورتِ رحمان	۲۰۶
۵۸	می کھینہ دمن	۱۱	//	علی ہمیشہ ظاہر ہے	۲۰۹
۵۹	جاغیہ شُریارکہ دمن	۱۹	//	اللہ مولا ناعلی	۲۱۱
۶۰	قیمت منوالہ عشقہ فو!	۱۲	//	آتشِ عشق	۲۱۴
۶۱	حاضرامامہ عشقہ فُون	۹	//	مُقدّس عشق کا آغاز	۲۱۶
۶۲	می ابشہ گنڈِک	۷	//	دَورانِ جنگ کی ایک دُعا	۲۱۸
۶۳	وقت دِیہ کہ گگھر	۱۰	//	فدائیوں کا ترانہ	۲۲۰

BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY
living ancient language

نظم نمبر	سرِآغاز	تعداد اشعار	زبان	موضوع	صفحہ
۶۴	سبور ہن عاشقن	۱۷	مثنوی	کچھ اشارات	۲۲۲
۶۵	شاہ کریم دینہ شہنشاہ	۱۳	//	رُوحانی لشکر	۲۲۵
۶۶	ہن خدا وحدتہ نور	۱۵	مسدّس	دریائے عشق	۲۲۸
۶۷	ژوٗلہ شہنشا	۱۵	مثنوی	شہنشاہِ دین کے اوصاف	۲۳۲
۶۸	زمانا نورہ تن	۴۹	//	مناجات	۲۳۵
۶۹	شُلگویو کلہ بُٹ میسکی	۱۱	مخمس	طلبِ دیدار	۲۴۳
۷۰	مس لونمان بریتا	۱۴	الف	تم دِل میں جا کر دیکھو	۲۴۷
۷۱	دینہ وطن دیغشی	۱۴	مثلث	نورہ ہرلتن دِیارژ	۲۵۰
۷۲	شان وشوکتہ کا	۱۱	ر	دُکومالہ جیہ یار!	۲۵۴
۷۳	مینہ بہ ہیبان	۲۱	ک	سرِ کیک	۲۵۶
۷۴	جشنِ سیمین دیمی	۱۵	ن	تحفۂ جشنِ سیمین	۲۶۰
۷۵	اسرِ دُکون ہُرٹ حضور!	۱۵	ی	خوش آمدی	۲۶۳
۷۶	زمانا مرتضا دیدار	۱۵	ک	مبارک صد مبارک جشنِ سیمین!	۲۶۶
۷۷	یہ چل منے نورہ سا!	۱۶	ہ	الحمدللہ	۲۶۹
۷۸	کھوت بہ عجب سرِ کُشن!	۱۵	الف	کھوت بہ عجب سرِ کُشن !	۲۷۲
۷۹	اُن زمانا مرتضابا	۱۸	ن	اُن زمانا مرتضابا	۲۷۵
۸۰	پیغمبرانتکے پیشوا	۸		نعتِ رسولِ مقبولؐ	۲۷۹

BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY
living ancient language

نظم نمبر	سرِآغاز	تعدادِ اشعار	ردیف	موضوع	صفحہ
۸۱	ژُولۓ گوسۓ گُلچن دُمر	۲۰	ل	ژولۓ گوسۓ گُلچن دُمر	۲۸۲
۸۲	اِنے جاقلمرقوایتی کے	۱۸	ی	قلمر قو	۲۸۶
۸۳	ژُوین لے دِئین	۲۰	ک	ذکرِ خدا استرک	۲۸۹
۸۴	مِئن نورۓ دمن سَیذے	۲۵	ن	شریایۓ نے مست بان	۲۹۳
۸۵	تھتنے یہ ژُولے نورے	۲۲	م	تھتنے یہ ژولے نورے سا!	۲۹۷
۸۶	اُنے مبارکے شُل	۲۳	ن	اُنے مبارکے شُل	۳۰۱
۸۷	عقلے گلچن فُٹ نہ	۲۳	ل	عقلے گلچن فُٹ نہ	۳۰۵
۸۸	مظہرِ نورِ خدا	۱۵	مسدّس	آبِ شفا	۳۰۹
۸۹	محمّدے عشقے نس	۱۶	ن	نعتِ نبیؐ	۳۱۳
۹۰	دالین لے دِئین	۲۰	ی	آفتابِ نور کا طلوع	۳۱۶
۹۱	غلیسن بابیسن ملی	۲۱	ل	محمّدے شل محمّدے شل	۳۲۰
۹۲	صاحبِ دیدارے موّ	۲۱	ں	ذکرِ جمیل	۳۲۴
۹۳	جاپادشالے سَیذم	۱۹	ن	شلے حکمتک ہزارن	۳۲۸
۹۴	مظہرِ یزدان ژُوس	۲۱	ن	بیسن جُون اکوغن	۳۳۳
۹۵	اوّلجی سان سَیذم	۲۰	م	اوّلجی سان سَیذم	۳۳۷
۹۶	زماناپیرِ کامل بم	۲۱	ی	کتب میر برکرک اوسای	۳۴۱
۹۷	شاہِ سلامت دیا	۲۲	الف	شکر و منس یا خدا	۳۴۵

BRA BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY living ancient language

نظم نمبر	سرِآغاز	تعدادِ اشعار	ردیف	موضوع	صفحہ
۹۸	اِنے سرکےٗ برکسؔ	۱۲	م	سرکےٗ برکسؔ	۳۴۹
۹۹	خدایےنورےھدایت	۱۱	د	امامِ آلِ محمدؐ	۳۵۲
۱۰۰	ائیربَیَم دسپَرا	۲۱	الف	ایک میں سب ہیں	۳۵۵

B R A
BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY
living ancient language

بسم اللّٰہ الرَّحمٰن الرَّحِیم

سُبحَانکَ لَاعِلم لَنَااِلاَّ ماعَلَّمتَنَا

تعارف

جناب علّامہ نصیرالدّین نصیؔر ہونزائی صاحب اپنی بصیرت افروز اور رُوح پرور تصانیف کی وجہ سے اگرچہ محتاجِ تعارف نہیں، تاہم خود میرے دل میں مُدّت سے یہ خواہش موجزن تھی کہ اس مردِ بزرگ کے متعلق اپنے تاثرات کسی نہ کسی صُورت میں پیش کروں، لیکن اپنی علمی بے بضاعتی کی بناء پر اس کو پُورا نہ کرسکا، خوش قِسمتی سے جناب علّامہ موصوف نے اپنی کتاب "منظُوماتِ نصیری" ہٰذا پر ایک تعارف لکھنے کی فرمائش کی، جس کو حصُولِ سعادت کا باعث سمجھتے ہُوئے مختصراً اپنے تاثرات بیان کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

جناب موصوف کی شخصیّت میرے نزدیک اُن عہد آفرین شخصیّتوں میں سے ہے، جن پر نہ صرف ان کے ملک وملّت کو بجاطور پر ناز ہوتا ہے، بلکہ پُوری نسلِ انسانی ان

پر فخر کر سکتی ہے، اس لئے کہ ان کے علمی نظریات و تجربات کی افادیت کسی واحد ملک و ملّت تک محدُود نہیں ہوتی، بلکہ پُوری نسلِ انسانی کے ذہنی اور رُوحانی عرُوج و ارتقا میں ان سے مدد مِلتی رہتی ہے، ایسی شخصیّتیں صدہا سال گُزرنے کے بعد صفحۂ گیتی پر نمودار ہوتی ہیں، اور جن کی آمد کے لئے حیاتِ انسانی بڑی بے قراری کے ساتھ منتظر رہتی ہے، چُنانچہ کسی بُزرگ کا قول ہے:

سالہا باید کہ تا یک سنگِ اصلی زافتاب
لعل گردد در بدخشان یا عقیق اندر یمن

ان عظیم شخصیّتوں کی علمی و عرفانی کوششوں سے گلزارِ علم و معرفت میں ایسے گلہائے خوش رنگ و بُو کھلتے ہیں، جو زمانے کی تلوّن طبع سے مامون اور تبدیلیٔ فصل سے مصُون سرو سدا بہار کی طرح ہمیشہ شاداں و خنداں رہتے ہیں، اور جن کے رنگ و بُو سے موجودہ اور آئندہ طالبانِ دین و دانش کے دیدہ و دل تر و تازہ اور روشن ہو جاتے ہیں، جو حضرات جناب علّامہ صاحب سے براہِ راست متعارف نہ ہوں، انہیں ان کی علمیّت اور تحقیقی بصیرت کے متعلق امکاناً یہ خیال بھی ہو گا

کہ شاید موصوف کسی عظیم دارالعلوم یا جامعہ کے فارغ التحصیل فاضل ہوں گے چنانچہ اس بارے میں یہ عرض کر دینا مناسب سمجھتا ہوں کہ جناب کے پاس تا ایندم کوئی ایسی سند موجود نہیں اور نہ خود میرا نظریہ ان کے متعلق کسی ظاہری علوم کے معیار پر ہے، بلکہ میرا معیارِ علمیت و فضیلت اِس بنا پر ہے کہ موصوف امامِ زمانہ کے اس گنجِ علوم سے بہرہ ور ہو چکے ہیں، جس سے فیض یاب ہُوئے بغیر کسی بھی اسماعیلی حجّت یا داعی نے محض علومِ ظاہری کے اکتساب پر علم و حکمت کا دعویٰ نہیں کیا، مثال کے طور پر حجّتِ خراسان وبدخشان حضرت حکیم ناصر خسرو قدس اللہ سرّہ العزیز نے (جن کی تبحر علمی مالا کلام ہے) علوم متنوّعہ کے اکتساب کے متعلق جیسا کہ خود فرمایا ہے کہ:

زہر نوعی پسندیدم زدانش نشستم بر درِ او من مجاور
نماند از ہیچ گون دانش کہ من زان نہ کردم استفادت بیش و کمتر

لیکن اس تبحّر علمی کے باوجود جب تک امامِ زمان کی باطنی نظر سے فیض یاب نہ ہُوا، تو اُس نامور حکیم نے اپنے آپ کو لیل السّرار اور امام کی باطنی تائید سے فیض یابی کے بعد اپنے

آپ کو شمس الضحیٰ سے تشبیہہ دیا ہے، جیسا کہ :

بر جانِ من چو نورِ امامِ زمان بتافت
لیل السّرار بودم و شمس الضحیٰ شُدم

نامِ بزرگ امامِ زمان است ازین قبل
من از زمین چو زہرہ بدو بر سما شُدم

اس سے یہ ثابت ہوتا ہے، کہ عُلومِ روحانی کا سر چشمہ امامِ زمان کا درِ دولت ہے، اس لحاظ سے دیکھا جائے تو معلوم ہو گا کہ جنابِ موصوف ان خوش نصیب ہستیوں میں سے ہیں جو اس چشمۂ علم و عرفان سے سیراب ہو چکے ہیں، اس کے ثبُوت میں خود ان کا کلام ملاحظہ ہو۔

عشق دیدہ صد قیامت از قیامت پیشتر
از تو ہر دم صد قیامت نُور مولانا کریم

نُورہ دمن ئینبا خوف نمیٰ غم ذم خلاص
اس لوٗ بم اِنہ ئیذبا بم کہ اپم ذم خلاص

کثرتہ گن فیس منی وحدتہ منزل دِیہَ
عارفہ نورانی ایس فکرہ قدم ذم خلاص

اَس لو نقاب دال ایتیَ جاڈ ٹک اس سک منی
سر کہ منُم ڈم جہ باغم کہ الم ڈم خلاص

اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے، کہ یہ کلام کس قدر ایقان و عرفان سے بھر پُور اور باطنی تجربے پر مبنی ہے، اور یہی تاثیر تقریباً ان کے پُورے کلام میں پائی جاتی ہے۔

ایک کامیاب واعظ و عالم کے لئے اگرچہ اساسی اہمیّت اسی میں ہے کہ پہلے خود اُسے اپنے مذہب کا باطنی شعور ہو، لیکن اس کے ساتھ ساتھ علم دین کی حقیقت کو دُوسروں تک پہنچانے کیلئے ظاہری علوم بھی اہمیّت رکھتے ہیں، علاّمہ موصوف اس میدان میں بھی پیش پیش ہیں، اُنہوں نے، جیسا کہ پہلے اظہار کر چُکا ہُوں، اگرچہ کِسی دار العلوم سے تحصیلِ علم تو نہیں کیا، لیکن اپنے ذاتی مطالعہ سے ظاہری علوم میں بھی ایک علاّمہ سے کم حیثیت نہیں رکھتے، چُنانچہ آپ بیک وقت چار زبانوں کے قادر الکلام شاعر ہیں، ان زبانوں میں بُروشسکی شاعری کی تخلیق کا سہرا تو ان ہی کے سر ہے، جس پر ریاست ھونزہ کو خاص طور پر ہمیشہ کے لئے ناز ہوگا، بُروشسکی کے علاوہ فارسی، اُردو اور ترکی میں بھی ان کا منظوم کلام ہے، اِس کے علاوہ اُردو

اور فارسی زبان میں بھی کئی کتابیں لکھ چکے ہیں، جن میں سے بعض کی طباعت بھی ہو گئی ہے، اور بعض غیر مطبُوعہ صُورت میں موجود ہیں، ان کا کلام زیادہ تر معرفتِ امام، اسماعیلی فلسفہ اور تصوّف پر مشتمل ہے۔

بُروشسکی زبان اگرچہ ہنوز تحریر وانشاء کی ابتدائی منازل میں ہے، لیکن علاّمہ صاحب کی تخلیقی کوششوں سے قلیل مدّت میں ایک اَدبی زبان کی صورت اختیار کرنے لگی ہے، ان کے کلام میں علم وعرفان اور حکمت وفلسفہ کے ساتھ وہ رُوحانی ذوق وشوق اور سوز وگداز بھی پایا جاتا ہے، جو ایک حقیقی عاشق اپنے محبُوبِ حقیقی کے دیدار کی تمنّا میں رکھتا ہے، چُنانچہ شعر ملاحظہ ہو:

BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY
living ancient language

نورہ شمعٔ گُسکلہ اِڈِگاری جہ پروانہ میام
عقلہ بیگانہ نُمن اُنہ شُلہ دیوانہ میام

جہ اتسقلت کہ گوڈِگاری طوافر مولا
انہ محبتہ میلہ اورشم سِسہ پروانہ میام

ان کے اس سوز وگداز کا یہ اثر ہے کہ جو بھی ان کا کلام

پڑھتا ہے یا سُنتا ہے، تو اس پر ایک رُوحانی کیفیت طاری ہو جاتی ہے، اور آج ریاست ھونزہ کی اسماعیلی جماعت کے مرد و زن، پیر و جوان اور بچے سب بڑے ذوق و شوق اور خلوص و احترام کے ساتھ رُوحانی مجالس میں ان کا کلام پڑھتے اور سُنتے ہیں۔

ریاست ھونزہ میں جناب علاّمہ صاحب کے بُروشسکی کلام کے اجرأ سے قبل مذہبی مجالس میں مناجات، نعت اور منقبت یعنی ائمۂ ہُدا کی تعریف پڑھنے کا واحد ذریعہ فارسی زبان تھی، لیکن ان کی شاعری کے بعد، جو اکثر امام وقت کی تعریف اور اس کی شناخت پر مشتمل ہے، ہونزہ کی اسماعیلی جماعت میں ایک نیا ولولہ اور جوش پیدا ہوگیا ہے، اِس لئے کہ فارسی زبان میں مقدس نظمیں سمجھنے کا تعلق عام طور پر اہلِ علم تک محدود تھا، اور ناخواندہ جماعت کا جوش و ولولہ زیادہ تر جذبۂ عقیدت پر مبنی تھا، لیکن اَب بُروشسکی کلام یکساں طور پر سمجھنے کی وجہ سے ساری جماعت جذبۂ عقیدت سے سرشار ہونے کے ساتھ معنی شناسی کی لذّت سے بھی محظوظ ہو جاتی ہے، ان کی بروشسکی شاعری کی اھمیّت کا اندازہ لگانے کے لیے یہ کافی سے زیادہ ہے کہ حضرت سرکار مولانا شاہ کریم علیہ الصّلوٰۃ والسلّام نے ان کے کلام کو شرفِ قبولیت عنایت فرما کر "گنان" کا

رُتبہ عطا فرمایا ہے اور امام کی سند کی موجودگی میں کسی دُوسری دلیل یا ثُبوت کا تلاش کرنا آفتابِ عالم تاب کے سامنے چراغ کی تلاش کے مترادف ہے۔

جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے، کہ ایک عظیم اور سرگرم واعظ و عالم کی حیثیت سے جناب نصیر الدین نصیرؔ نہ صرف نظم کے ذریعے اپنے امام کی تعریف و توصیف اور اسکی شناخت کا پرچار کرتے ہیں، بلکہ اپنی منثور تصانیف کے ذریعے بھی وہ بہت عظیم خدمات انجام دیتے ہیں، بموجب فرمانِ خُدائے تعالیٰ :

"ادع الیٰ سبیل ربك بالحكمة والموعظة الحسنة"

اور بمطابق ارشادِ نبوی :

كلّمو االنّاس على قدر عقولهم

دین اور مذہب کو سمجھانے کا بہترین طریقہ یہ ہو سکتا ہے، کہ اس کو زمانے کے مروّجہ علوم میں پیش کیا جائے، چونکہ موجودہ دَور میں سائنسی علوم کا سب سے زیادہ اثر ہے، اِس لئے زمانۂ حاضرہ میں اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ دین و مذہب کو سائنس کی زبان میں بیان کیا جائے اگرچہ بعض کے ہاں سائنس اور مذہب دو مختلف چیزیں ہیں، لیکن اسلامی نقطۂ نگاہ سے دونوں ایک ہی حقیقتِ کلی کی نشاندہی کرتے ہیں، اور ان میں

فی الاصل کوئی حدِّ فاصل نہیں، بلکہ یہ ایک مرکز پر جاکر ایک دُوسرے سے مِل جاتے ہیں۔

واعظ موصوف کو اس ضرورت کا شدید احساس ہے، اُنھوں نے مذہب کو سائنس کی زبان میں پیش کرنے کی بے انتہا کوشش کی ہے، اور اب تک اس سلسلے میں سرگرمِ عمل ہیں، ان کی ان کوششوں کا اندازہ ان کی تصانیف: سلسلۂ نُورِ امامت، میزان الحقائق، مفتاح الحکمت وغیرہ کا مطالعہ کرنے سے ہوسکتا ہے، ان کے مضامین خصُوصاً سیاروں میں اِنسان کی سیاحت، کیا آسمان وزمین سات اور سات چودہ ہیں وغیرہ (مفتاح الحکمت) مردہ ایٹم اور زندہ ایٹم، ایٹمی دَور رُوحانی دَور سے ملاہے وغیرہ (میزان الحقائق) کے مطالعہ سے معلوم ہوگا، کہ وہ کس قدر علمی بصیرت اور تحقیقی صلاحیت کے حامل ہیں، اور سائنس کی زبان میں مذہب کو پیش کرنے میں کس قدر کامیاب ہوئے ہیں، ان مضامین میں اُنھوں نے مذہب کی اہمّیت وعظمت اور مادیت پر روحانیت کی تفوّق وبرتری کو اس قدر مدلّل انداز میں پیش کیا ہے کہ ادق سے ادق مسائل بھی بڑی آسانی سے ذہن نشین ہوسکتے ہیں، خصوصاً زمانۂ حاضرہ کی روشنی میں قرآنی آیات کی تشریح کرنے میں علاّمہ موصوف یدطولیٰ رکھتے ہیں۔

آخر میں اس اعتراف کے ساتھ اس تعارف کو ختم کرتا ہوں کہ موصوف میرے نزدیک علم و عرفان کے ایک بحر ناپیدکنار ہیں، جس کا احاطہ کرنا میرے بس کی بات نہ تھی، اور جو کچھ براہِ راست میں نے ان میں دیکھا ہے، اس کا بھی میں عشرِ عشیر تک پیش نہ کر سکا ہوں۔

وما توفیقی الّا باللہ

خادم الملّت
فقیر محمّد ہونزائی

BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY
living ancient language

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحیم

تمہید

جب اللہ تعالیٰ کسی شے کو پیدا اور ظاہر کرنا چاہتا ہے، تو اس کے تمام ضروری اور لازمی اسباب وذرائع مہیّا کر دیتا ہے، کیونکہ وہی مُسبّب الاسباب ہے اور وہی یکتا دانا وبینا۔

اِسلام اور ایمان کی بدولت مومنینِ بایقین کو علم و حکمت کی جو جو نعمتیں میسّر آتی ہیں ان کی قدر دانی اور شکر گزاری کے لئے قرآنِ پاک نے یہ انتہائی مفید تصوّر عطا کر دیا ہے، کہ وہ بار بار اپنی مذہبی زندگی کے ماضی کو سامنے لایا کریں، تاکہ وہ اس وسیلے سے پروردگارِ عالم کا شکر بجالا سکیں کہ شروع شروع میں وہ دینی دولت سے تہی دامن اور مفلس تھے، لیکن اب وہ رُشد و ہدایت کی لازوال دولت سے مالا مال کر دیئے گئے ہیں۔

چُنانچہ میرا عقیدہ یہی ہے کہ بسا اوقات اپنی حیثیت کے بارے میں سوچتا ہوں کہ یہ حقیر انسان ابتدا میں عقل و دانش اور علم و حکمت کے خزانوں سے کِتنا دُور تھا، اور آگے بڑھنے کے لئے کہاں سے کس طرح مدد حاصل ہوتی رہی، اور کس مہربان

رہنمائی دستگیری اور رہنمائی فرمائی، بے شک شکر گزاری کے اِس خُوشگوار تصوّر میں بہت سی برکتیں اور لذّتیں سموئی ہُوئی ہیں۔

اِس بندۂ ناچیز پر خُداوند تعالیٰ کے بے پناہ احسانات میں سے ایک عظیم احسان یہ بھی ہے کہ اِس خاکسار کی بُروشسکی نظمیں تیسری بار چھپ کر شائع ہو رہی ہیں، اپنی نیکنام جماعت میں ان اشعار کی ایسی مقبولیت کی خاص وجہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور امام برحق علیہ السلام کی محبت کے سوا کچھ بھی نہیں۔

مجھے اپنی گزشتہ حالت خُوب یاد ہے کہ میں نے پرائمری اسکول کے سوا کسی علمی ادارے کو نہیں دیکھا تھا، وہ بھی صرف ایک سال کے لئے، جس میں جماعتِ سوم اور چہارم دونوں کی تعلیم مکمّل کی گئی اور اُس وقت میری عمر بچپن کی نہیں بلکہ نوجوانی کی تھی، یعنی میں سولہ سال کا نوجوان تھا۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ مجھ کو اخلاق، عقیدہ اور ایمان کی بُنیادی تعلیم اور ابتدائی روشنی میرے والدین سے ملی تھی، میرے دونوں بزرگ مذہب کے دلدادہ، متّقی، عبادت گُزار اور امام وقت علیہ السلام کے جان نثار عاشق تھے، وہ اکثر صبح و شام علیؑ و ائمہؑ اولادِ علی صلوات اللہ علیہم کی شانِ اقدس میں فارسی مناقب (توصیفی گنان) پڑھا کرتے تھے، جن کی

سُریلی مستانہ آواز کی لذّت و مسرّت سے مجھے گویا رُوح الایمان کی بشارت مِلتی رہتی تھی۔

چونکہ میرے دادا جان اور والد صاحب اپنے اپنے وقت میں اسماعیلی پیروں کے خُلفاء میں سے تھے، لہٰذا جُملہ اسباب میں سے یہ بھی ایک خاص سبب تھا کہ میں دینی علم کی طرف خصوصیّت سے توجہ دوں اور مذہب سے دلچسپی رکھوں، اِن نمائندوں کو خلیفہ (جانشین = نائب) اِس معنیٰ میں کہا جاتا ہے، کہ ان کو جماعت کی مذہبی روایات و رسومات میں نمائندگی حاصل تھی، اگر فراخدلی اور انصاف پسندی سے سوچا جائے تو معلوم ہوگا کہ ان تمام خُلفاء نے اُس مشکل زمانے میں مذہب کی مُقدّس روایات کو جاری و باقی رکھنے کی خاطر طرح طرح کی مشقتیں برداشت کرتے ہُوئے جماعت کی بہت سی ضروری خدمات انجام دی ہیں۔

ہمارے علاقے میں اُس وقت باقاعدہ درس و تدریس کے ذرائع کا فُقدان تھا، سوائے ایک ہی پرائمری اسکول کے، جس کا ذکر ہُو چکا ہے، اور اگر کہیں دُور و نزدیک سے شخصی طور پر کُچھ تعلیم ملنے کی امکانیّت تھی، تو اس میں بھی طرح طرح کی مشکلات حائل ہو جاتی تھیں، جن کی وضاحت یہاں

ضروری نہیں ہے، پس میں نے نتیجے کے طور پر ذاتی مطالعہ پر زور دیا اور اسی طریقِ تعلیم سے مجھے گوناگون برکتیں ملتی رہیں۔

خُداوندِ حکیم نے انسان کے لئے طاقت کے تین بُنیادی سرچشمے بنائے ہیں، جسم، عقل (علم ودانش) اور دولت، اور وہ لوگ بڑے بد بخت ہیں جو اِن میں سے کوئی طاقت رکھنے کے باوجود اسے نیک کاموں کے لئے استعمال نہیں کرتے ہیں، اِس ترتیب میں سب سے پہلے جسمانی قوّتوں کو کام میں لانے کا ذکر آتا ہے، چُنانچہ وادیٔ ہونزہ کے باشندے اُن خُوش قِسمت انسانوں میں سے ہیں، جو دُنیا میں سخت محنتی اور بڑے جفاکش ہُوا کرتے ہیں، اس کے معنی یہ ہُوئے کہ وہ خُدا کی دی ہُوئی جسمانی طاقت کی دولت کو بے دریغ صرف کرتے رہتے ہیں۔

کیوں نہ ہوں جبکہ علاقے اور ماحول کا تقاضا ہی ایسا ہے کہ وہاں دینی اور دُنیاوی طور پر باعزّت زندگی گُزارنے کیلئے سخت سے سخت کام کو بھی انجام دینا پڑتا ہے، اور یہ بات تقریباً سب کیلئے یکساں ہے، ہر چند کہ آج کل کچھ آسانیاں بھی پیدا ہوگئی ہیں۔

جس زمانے میں وہاں آجکل کی طرح مکتب اور مدرسے قائم نہیں ہُوئے تھے، اس وقت اکثر باہمت لڑکوں اور بہادر نوجوانوں کا یہ کام ہُوا کرتا تھا، کہ مقام اور موسمِ گرما وسرما کے

مطابق دُور جنگلوں (تیرٓ) قریب کے پہاڑوں اور نشیبی چراگاہوں میں اپنی بھیڑ بکریاں چرایا کریں، وہ کتنے چاق و چوبند اور خُوش و خرّم نظر آتے تھے، اُن کو خُدا نے اپنی حکمت سے یہ سخت مشکل کام آسان کر دیا تھا کہ وہ اپنے گھروں میں جلانے کے لئے دُور اور دشوار گُزار راستوں سے لکڑیوں کے بھاری بوجھ لا سکیں، وہ زمینداری کے ہر کام میں اپنے باپ کی مدد کر کے خوش ہو جاتے تھے، اور ہزاروں قسم کی خانگی خدمات انجام دیا کرتے تھے اور اِس پر فخر کیا کرتے تھے سو میں اِس قابلِ رشک میدانِ عمل کی بہادری میں کس طرح دُوسروں سے پیچھے رہ سکتا تھا، جبکہ ہمارے والد صاحب نمائندہ پیر (خلیفہ) ہونے کے علاوہ اُن دیہات کے معیار کے مطابق بڑے زمینداروں میں سے تھے، لہٰذا تقریباً بائیس برس کی عمر تک میں زمینداری سے متعلق تمام محنت طلب کام کرتا رہا، ہم اپنے طور پر خوشحال، خرسند اور پروردگار کی نعمتوں کے لئے شکر گزار تھے، مگر کسی بھی حالت میں میرے دل و دماغ سے جذبۂ علم کم نہیں ہُوا، بلکہ یہ شوق بڑھتا چلا گیا، اس لئے میں ہمیشہ فرصت کے لمحات میں کتاب بینی میں ڈوبے رہتا تھا۔

اس کے بعد جب میں گلگت سکوٹس میں بھرتی ہو کر

فوجی نوعیّت کی زندگی گُزارنے لگا، تو تب بھی مطالعہ اور حصولِ علم کا یہ غیر معمولی جذبہ میرے دل و دماغ میں بڑی سختی کے ساتھ کار فرما رہتا تھا، مجھے یقین ہے کہ میرا یہ زبردست اور بے مثال شوق مجھ کو قدرت کی طرف سے ایک معجزاتی عطیّہ تھا، چُنانچہ ۱۹۴۰ء میں میری اوّلین بُروشسکی نظم ضبطِ تحریر میں آگئی، جس کا مطلع یہ ہے :۔

حاضر امامہ عشقہ فُون جا اسر بلی
حاضر امام جاگالہ مَلیَم جا اسر مِلی

شاید کسی دوست کے ذریعے اس تازہ ترین منقبت کی ایک نقل، جو امام وقتؑ کی شان میں ہے، ھونزہ کے چند سعادت مند فوجی جوانوں کے ہاتھ آئی جو عقیدت و محبت اور مہارت و خوبصورتی سے منقبت (گنان) پڑھا کرتے تھے، جب میں نے ان کو ایک روح پرور ترنّم سے اس نظم کو پڑھتے ہُوئے دیکھا تو مجھے بحد مسرّت و شادمانی حاصل ہوئی، تب ہی مجھے خیال آیا کہ میری رُوح جو اکثر گنگناتی رہتی تھی، اس کا مقصد یہاں تک محدود نہیں تھا کہ امام کی مُقدّس محبّت صرف ذاتی طور پر ہی حاصل ہو اور بس، بلکہ اس کا منشاء یہ بھی تھا، کہ پیاری جماعت

کو امام کے پیار کی لازوال دولت ملے۔ چُنانچہ اس کے بعد میری عملی کوششوں میں جان آگئی اور میں جماعتی خدمت کی قدر و قیمت کو سمجھنے لگا۔

چونکہ ھونزائی مکمّل اور مربوط شاعری اللہ تعالیٰ کی توفیق و تائید سے اس درویش نے شروع کی تھی، جو سراسر مذہبی تعلیمات پر مبنی ہے اور مومنین نے بر وقت ہی اس کو جماعت خانہ اور اس کے باہر کی مذہبی محفلوں میں اپنا کر بہت سی پُر خلوص دُعائیں دی تھیں، لہٰذا اس کی راہ میں جتنی مشکلات اور رُکاوٹیں پیدا ہوئی تھیں، وہ سب دُور ہو گئیں، تا آنکہ بفضلِ خُدا اِس میدانِ جہاد میں، جو جہالت کے خلاف جاری تھا، چند نوجوان بہادر مجاہد میرے ساتھ ہو گئے، اور اسی طریقِ کار پر عمل کرتے ہُوئے انتہائی عقیدت و محبت سے امامِ زمان علیہ السلام کی تعریف و توصیف پر مشتمل عُمدہ بُروشسکی شاعری کرنے لگے، وہ مجھے بہت ہی عزیز ہیں، کیونکہ وہ پاک مذہب، عزیز وطن اور پیاری زبان کی بڑی مفید خدمات انجام دے رہے ہیں۔

میرے تمامتر شاعری کا ظاہری رنگ ڈھنگ قدیم ایرانی شُعراء کے مطابق ہے، کیونکہ میں نے گھر اور باہر کے بزرگوں کو مذہبی قِسم کے قصائد و مناقب پڑھتے ہُوئے پایا اور اُن سے خاطر

خواہ اثر لیا، اور اس کے علاوہ منظوم فارسی کُتب کے ایک بڑے ذخیرے کا بھی بغور مطالعہ کیا، لیکن میری نظموں کی معنویت کے بہت سے مقامات پر اپنا مخصوص طریقِ کار اختیار کیا گیا ہے۔

مُجھے حضرت حکیم پیر ناصر خسرو (قدّس اللہ سِرّہ) کی تمام دستیاب پُر حِکمت کتابوں سے شیفتگی اور عشق کی حد تک دلچسپی ہے انہی بُزرگ کی پُر مغز تعلیمات کی روشنی میں مجھے علم الیقین حاصل ہُوا اور قرآن و حدیث کی مشکلات آسان ہو گئیں، حُجّتِ موصوف کی حکمت آگین کتابوں کے بغور مطالعہ کے دَوران بعض دفعہ دل پر جو رُوحانی علم کے نورانی لمحات گُزرتے تھے، ان کی کیفیّت بڑی عجیب و غریب شے ہے، دل کے مرکز میں ایک انتہائی شیرین اور نرالی شان والی خلِش!۔ علم کا ایک لطیف چھوٹا سا نقطہ!۔ اور یکایک اس کا اتنا زبردست پھیلاؤ اور احاطہ!

میرے اِن اشعار کے باب میں ایک بڑی دلچسپ بات یہ بھی ہے کہ جو نظمیں سفرِ چین سے قبل کی ہیں، اُن میں زیادہ سے زیادہ امامِ اقدس واکرمؑ کی عقیدت و محبّت اور تعریف و توصیف کا رنگ جھلکتا ہے اور نظموں کا جو حِصّہ چین سے واپسی کے بعد تیار ہُوا ہے، اس میں رمز و کنایہ کی زبان میں روحانی

مشاہدات اور ہادیٔ برحقؑ کی روحانیت و نُورانیت کے بھیدوں کا تذکرہ کیا گیا ہے، کیونکہ نہ صرف قید خانے ہی میں بلکہ اس سے باہر بھی اِس بندۂ عاجز پر دینِ حق کے عظیم رُوحانی معجزات منکشف ہُوئے تھے۔

میں نے اپنی ھونزائی شاعری وغیرہ کے دوران کسی حد تک اس بات کا تجزیہ و تحلیل کیا ہے کہ بُروشسکی جو ھونزا، نگر اور یاسین کی زبان ہے، قدرتی طور پر لسانی عجائب و غرائب کی بے پناہ دولت سے مالامال اور معانی و مطالب کی بھرپُور خوبیوں سے مزیّن و آراستہ ہے، مگر افسوس کا مقام ہے کہ ہم اہلِ زبان سے اَب تک اس کی کوئی ایسی قدر دانی اور خدمت نہ ہوسکی، جبکہ مغرب کے کئی بڑے دانشوروں نے اس کی طرف توجہ دی اور اس پر مُفید تحقیقی کام کئے اور اَب بھی کر رہے ہیں، چُنانچہ اگر کوئی ایسی مکمّل بُروشسکی لغات لکھی جاتی کہ جس سے اہلِ زبان کے تمام اُردو خوان افراد یکساں طور پر استفادہ کر سکیں، تو تب ہی معلوم ہو جاتا کہ مادری زبان میں علم و ادب کے سامان مہیّا ہو جانے سے دین و دُنیا کے کیسے کیسے عظیم فائدے حاصل ہو جاتے ہیں، یہ سچ ہے کہ جب تک کِسی قوم کی اپنی زبان میں تعلیم و اَدب کی بُنیادی کتابیں موجود نہ ہوں تو وہ

دوسری کسی ادبی زبان پر صحیح معنوں میں قادر نہیں ہو سکتی ہے۔

جانِ عزیز جناب ڈاکٹر فقیر محمّد صاحب ھونزائی کی خالص للّٰہی ذرّہ نوازی اور ہمّت دہانی کا کیا کہنا، کہ اُنہوں نے جس کریمانہ انداز میں اور جن پُرخلوص الفاظ میں اِس بندۂ حقیر کا تعارف لکھا ہے، وہ مجھ پر ایک بھاری احسان ہے، وہ میرے ایسے محسن ہیں کہ ہمیشہ احسان پر احسان کرتے رہتے ہیں، موصوف کی گرانقدر زرّین تحریروں کے سامنے میری حقیر سی حیثیت کم مقدار بلکہ ناچیز لگتی ہے، مگر شاید علم کے سرپرست حضرات مُجھ ایسے خاکسار و کمزور انسانوں میں ہمّت کی رُوح اسی طرح پھُونک دیا کرتے ہیں، پس دُعا ہے کہ پروردگارِ عالم صاحب موصوف کو دونوں جہان کی کامیابی اور سلامتی سے سرفراز فرمائے! آمین!!

"خانۂ حکمت" کے اِس پیارے نام سے ہوشیار اور باخبر مومنین کے ذہن میں آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے اُس ارشادِ گرامی کا ایک پُرخلوص تصوّر اُبھرتا ہے جس میں حضورِ اکرمؐ نے فرمایا کہ: "میں حکمت کا گھر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔"

اس کے علاوہ ہمارے عزیز ادارے کے اِس پاکیزہ نام میں اسماعیلی تاریخِ مصر کے علمی عروج کی طرف بھی ایک واضح

اشارہ موجود ہے، الحمد للہ کہ خانۂ حکمت پر خُداوند مہربان کی ظاہری و باطنی رحمت ہے اور روز بروز اس کی ترقی ہو رہی ہے، عملداران اور ممبران اپنے پیارے ادارے کے علمی مقاصد کی تکمیل کے لئے سخت محنت اور جانفشانی سے کام لے رہے ہیں، اور بہت سے خوش نصیب حضرات ایسے بھی ہیں، جو ادارۂ ہٰذا سے براہِ راست منسلک نہ ہونے کے باوجود ہمیشہ بڑے شوق سے تعاون کرتے رہتے ہیں، کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ اِس میں پیاری جماعت کے لئے بہت سے فائدے ہیں اور یہ علمی کام امام عالی مقام کے پاک منشاء کے عین مطابق ہے، اور امامِ زمان صلوات اللہ علیہ کی ظاہری و باطنی منظوری و مدد کے بغیر اسماعیلیت میں کوئی ایسا کام نہیں ہو سکتا ہے۔

آخراً ایک بار پھر میں خانۂ حکمت کے باعزّت عملداروں اور جان نثار ممبروں کا صمیمیّتِ قلب سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ان کی گرانمایہ خدمات اِس علمی ادارے کو زندہ اور مؤثر بنانے کے سلسلے میں بے مثال ہیں، میں محدود الفاظ اور قلیل وقت میں ان کے عظیم کارناموں کو بیان نہیں کر سکتا ہوں، اور اگر ہماری نیّت میں ایمان و اخلاص کی رُوح موجود ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہمارے اِن عزیزوں کو ایسے مُفید علمی خدمات

کے عوض میں دین و دُنیا کی ترّقی ، کامیابی اور سرفرازی حاصل ہو گی، ان کو رفتہ رفتہ اِس لازوال مسّرت و شادمانی کا احساس ہو گا کہ اُنہوں نے اپنے امامِ برحقؑ کی عزیز جماعت کے فائدے کی خاطر گوناگون قربانیوں سے جو علم و حکمت کے باغ و گلشن آباد کئے ہیں وہ سدا بہار اور زندۂ جاوید ہیں۔

آپ کا ایک علمی خادم
نصیرُالدّین نصیر ھونزائی

اتوار ۷ صفر ۱۳۹۹ھ / ۷ جنوری ۱۹۷۹ء سالِ گوسفند

BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY
living ancient language

دیباچۂ طبعِ جدید

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰن الرَّحیم ط سب سے پہلے یہ جاننا ضروری ہے کہ دین کی جُملہ نعمتیں اللہ تعالیٰ کے کلمۂ امر یعنی ''کُن'' سے پیدا ہوتی رہتی ہیں، جو احاطۂ حساب و شمار سے باہر ہیں، امر کی نزولی صُورت قُرآنِ پاک ہے، جو اپنے نُور (۵:۱۵) یعنی زندہ رُوح (۴۲:۵۲) کے ساتھ ظاہراً و باطناً موجُود ہے، جس میں اسمائے بُزرگ اور کلماتِ تامّات کلیدی اھمیّت کے حامل ہونے کی وجہ سے بدرجۂ انتہا مُعجز نُما ہیں، جن کی بلندی میں کلمۂ امر جلوہ گر ہے، جو اسماء و کلمات میں سب سے بُزرگ ترین اور ''کُن'' سے عبارت ہے، اور حقیقت یہ ہے کہ تمام آسمانی باتیں جو عقلی اور رُوحی نعمتوں کی حیثیت سے ہیں، وہ کلمۂ باری اور ذیلی کلمات کی تشبیہات و امثال ہیں (۳۰:۵۸، ۱۷:۸۹) جیسا کہ قرآنِ حکیم میں ارشاد فرمایا گیا ہے :۔

زمین میں جتنے درخت ہیں اگر وہ سب کے سب قلم بن جائیں اور سمندر (دوات بن جائے) جسے سات مزید سمندر

روشنائی مہیا کریں تب بھی اللہ کے کلمات (باعتبارِ تشریح) ختم نہ ہوں گے، بیشک اللہ زبردست اور حکمت والا ہے (۲۷:۳۱)
یہ ارشاد دراصل انسان پر خداوندِ عالم کے بے پناہ احسانات کا ذکر ہے، کوئی شک نہیں کہ خُدا کی نعمتوں کو کوئی گِن نہیں سکتا (۱۸:۱۶)۔

یہ بندۂ کمترین اس شدید احساس کے ساتھ کہ رب العزّت کی عطا کردہ دینی نعمتوں کی شُکر گُزاری ادا نہیں کر سکتا، بڑی عاجزی سے عرض کرتا ہے کہ الحمد للہ ہماری نیک نام جماعت کی پُر سوز و پاکیزہ دُعا نے شروع ہی سے اس ناچیز بندے کی رہنمائی اور دستگیری کی ہے، جس کی بدولت بُروشسکی (BURUŚASKI) نظمیں جو امامِ اقدس و اطہر صلوات اللہ علیہ کے مناقب ہیں، وہ نغمۂ اِسرافیل، منظوماتِ نصیری، اور دیوانِ نصیری کے نام سے کئی بار چھپ کر شائع ہو چُکی ہیں، اور اسی طرح ان پیاری پیاری نظموں کا دائرۂ استفادہ توقع سے زیادہ پھیلتا جا رہا ہے۔

نہ جانے مجھے اپنی علمی مُفلسی کے قِصّۂ پارینہ دُہرانے سے کیوں ایسے آنسُو آتے ہیں! کیوں میرا جی چاہتا ہے کہ میں کِسی جھجک کے بغیر اپنے زمانۂ لاعلمی کا حال سب کے سامنے بیان

کروں! میرا دل مجھ سے کیوں کہتا ہے کہ تُم عاجزی و خاکساری کے ہر وسیلے سے اپنی ہستی و حیثیت کی نفی کرو! میں سمجھتا ہُوں کہ شاید اِس خیال کے پس منظر میں کوئی راز ہے، کوئی بڑی حِکمت و مصلحت ہے، اور شاید اس میں شکر گُزاری کی کوئی صُورت ہو گی۔

اِس وقت خُدائے علیم و حکیم کی عنایتِ بے نہایت سے "خانۂ حِکمت" اور "ادارۂ عارف" کی تصانیف و تراجم کی تعداد ایک سو سے زیادہ ہو گئی ہے، اگر ہم اس عمل کو امامِ عالی مقامؑ کا معجزۂ علمی قرار دیں تو بیجا نہ ہو گا، کیونکہ اس کارنامۂ عظیم کو انجام دینے کے لئے جو جو ظاہری وسائل ضروری تھے، وہ نہ ہونے کے برابر ہیں، اور اس سلسلے میں یہ بھی ایک روشن حقیقت ہے کہ اس فلک بوس علمی عمارت کی بُنیاد بُروشسکی نظموں پر قائم ہُوئی ہے، جس کا آغاز آج سے تقریباً نصف صدی (یعنی پچاس سال) پہلے ہُوا تھا، چُنانچہ میں اس بات پر کامل یقین رکھتا ہوں کہ مظہرِ نورِ خدا، وارثِ محمد مصطفیٰؐ، جانشینِ علیؑ مُرتضیٰؑ، یعنی امامِ اتقیاؑ کے ان مناقب سے جو بُروشسکی زبان میں ہیں، رحمتوں اور برکتوں کا ایک عجیب انقلاب آگیا ہے، جس کو تمام اہلِ نظر واضح طور پر دیکھ رہے ہیں۔

شمالی علاقہ جات کے اسماعیلی "دیوانِ نصیری" کو بہت زیادہ پسند کرتے ہیں، اِس کی وجہ ظاہر ہے کہ وہ سب کے سب راسخ العقیدت مُسلمان و مومن اور نُورِ امامت کے عاشقِ صادق اور جان نثار ہیں، وہ اس بات کو نہ صرف علمِ دین کی روشنی میں جانتے ہیں، بلکہ ان کو اس کا ذاتی تجربہ بھی ہُو چکا ہے کہ بدونِ معنی منقبت سے عام طور پر اور قابلِ فہم منقبت سے خاص طور پر اہلِ ایمان کی رُوح الایمان اور رُوح العشق کو مقوّی غذائیں مہیّا ہوتی رہتی ہیں، اور اس حقیقت کا ثبوت اُس رُوحانی لذّت و شادمانی سے مل سکتا ہے، جو گنان کے پڑھنے اور سُننے والوں کو حاصل ہوتی ہے، یہ بات جسمانی مثال میں ایسی ہے، جیسے کوئی صحتمند جوان کِسی عُمدہ طعام کو تناوُل کرتے ہوئے لذّت و تازگی محسوس کرتا ہے، یہ خوشگوار احساس اِس بات کی علامت ہے کہ طعام کا جوہر اس کا جزوِ بدن بن رہا ہے، پس یہی حال امام عالیمقامؑ کی پُر حکمت منقبت اور حقیقی علم کی حلاوت و خُوشی کا بھی ہے۔

ایمان اور علم دوستی کی شرطِ اوّلین یہ ہے کہ علم والوں کی ہمّت افزائی اور قدر دانی کی جائے، اور یہ عمل قلب و رُوح کی پاکیزگی اور حقیقت پر مبنی ہونا چاہیئے، تاکہ خُدا کی خُوشنودی

سے جانبین کو حقیقی مسرّت و شادمانی حاصل ہو سکے، چُنانچہ ہم سب پر شکرِ خُداوندی واجب ہے کہ اِس دَورِ قیامت میں نُورِ امامت کا سُورج دُنیائے اسماعیلیت پر علم و عِرفان کی خصُوصی روشنی ڈال رہا ہے، اُمیدّ ہے کہ یہ روشنی رفتہ رفتہ اِسلام اور اِنسانیت کے تمامتر تقاضوں کو پُورا کرے گی۔

ہمارے بعض نامور علماء، دانشوروں، اور دوستوں کی خواہش اور فرمائش تھی کہ اِمام اقدس و اطہرؑ کی تعریف و توصیف سے متعلّق بُروشسکی نظم سازی کی طرف زیادہ توجّہ دی جائے، اور موجُودہ دیوان میں اضافہ کیا جائے، چُنانچہ پروردگارِ عالم کی رحمت و مہربانی سے اِس نیک تجویز پر عمل کرتے ہوئے جشنِ سیمین (سلور جوبلی) کے ایامِ سعید کی مناسبت سے کُچھ مزید نظمیں بنائی گئیں، جو بفضلِ خُدا ہماری پیاری جماعت میں مقبول اور دیوانِ ہٰذا میں شامل ہیں۔

گلشن میں جہاں اور جب گُلِ داؤدی رنگ و بُو کی دولت لٹانے لگتا ہے، تو وہ سماں بڑا قابلِ دید ہُوا کرتا ہے، مگر وہ صرف چند ہی دِنوں کے لئے ہے اِس کے برعکس جن خوش نصیب افراد کو خُدا نے لحنِ داؤدی کے خزانے سے مالا مال فرمایا ہے، ان کی سُریلی آواز کی یہ دولت بہت دیرپا اور ہمہ رس ہوتی ہے، جس کو

وہ خُداوندِ قدّوس کی خُوشنودی کے لئے صرف کرتے ہوئے اپنی جماعت کی خدمت کرتے ہیں، ایسے حضرات دراصل لشکرِ اسرافیلی میں شامل ہوتے ہیں، کیونکہ چاروں مقرب فرشتوں کے کام ظاہر و باطن میں ہمیشہ جاری و ساری ہیں، ایسا نہیں کہ صرف عزرائیلؑ ہر وقت اپنے کام میں مصروف رہتا ہو، اور دُوسروں نے اپنا عمل ختم کر ڈالا ہو، یا کسی زمانے کا اِنتظار کرتے ہوں۔

جب خُدا و رسُولؐ اور اولوالامرؑ کی اطاعت مربوط زنجیر کی طرح ایک ہے (۴ : ۵۹) تو یقیناً اِسی طرح ان کی محبّت کا سلسلہ بھی ایک ہے (۳ : ۳۱) یعنی جس طرح پیغمبر اکرمؐ کی فرمانبرداری کرنے سے اللہ کی فرمانبرداری بن جاتی ہے، اور صاحبِ امرؑ کی فرمانبرداری کرنے سے رسُولؐ کی فرمانبرداری ہو جاتی ہے، بالکل اسی طرح خُداوندِ تعالیٰ کی محبّت آنحضرتؐ کی محبّت سے اور آنحضورؐ کی محبّت امام برحقؑ کی محبّت سے حاصل ہو جاتی ہے، اگر اللہ تعالیٰ کی سُنّت یعنی اٹل قانُون اِس کے برعکس ہوتا، تو قرآنِ حکیم خُدا کی رسّی (۳ : ۱۰۳) وسیلہ (۵ : ۳۵) درجات (۳ : ۱۶۳) سیڑھی (۷۰ : ۴) جیسے تصوّرات نہ دیتا، اور پیغمبر خُداؐ کے علم و

حکمت کا کوئی دروازہ نہ ہوتا، ان روشن دلائل سے یہ حقیقت کسی شک کے بغیر واضح ہو جاتی ہے کہ امام مقدّس (جو اہلِ بیت ہیں) کی یاد آنحضرتؐ کی یاد ہے، اور حضورؐ کی یاد اللہ کی یاد ہے، جیسا کہ ارشاد فرمایا گیا ہے :۔

ورفعنا لك ذكرك (۹۴ : ۴) اور ہم نے تمہارے ذکر کو بلند کیا۔ اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ آنحضرتؐ کی یاد مکانی طور پر بلند کی جاتی ہو، بلکہ اس کے یہ معنی ہیں کہ ذکرِ رسولؐ کو ذِکرِ خدا کا شرف دیا جاتا ہے، اور ذکرِ امامؑ کو ذکرِ پیغمبر کا درجہ دیا جاتا ہے، یہ ہُوا خُداوند عالم کا اپنے حبیبؐ کے ذکر کو اُس انتہائی بلندی تک اُٹھانا جہاں یادِ الٰہی کے سوا کوئی چیز نہیں ٹھہر سکتی ہے۔

اِس سلسلے میں سمجھنے اور سمجھانے کیلئے یہ حقیقت کتنی روشن اور کس قدر آسان ہے کہ حضرت مُحمد خاتم الانبیاء صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم خُداوند تعالیٰ کا زندہ اسمِ اعظم تھے، اِسی طرح سلسلۂ آلِ محمدؐ کے آئمّہ طاہرین اپنے اپنے وقت میں اللہ کا اسمِ اکبر تھے، اور اَب زمانے کا امام صلوات اللہ علیہ خُدا کا بُزرگ ترین نام ہے، اور یہ حقیقت اسلام کے اُس مکتبۂ فِکر میں جو شیعت کے نام سے مشہور ہے کوئی نئی بات نہیں، پس جو لوگ خُدا کو ایسے اسمِ اعظم سے پُکارتے ہیں جو زندہ، گوئندہ اور نورانیّت

سے بھر پُور ہے، تو وہ بڑے خُوش نصیب ہیں، قرآنِ حکیم (۷: ۱۸۰، ۱۷: ۱۱۰، ۲۰: ۸، ۵۹: ۲۴) میں الأسماء الحُسنٰی کا ذکر فرمایا گیا ہے، وہ خُدا کے اچھے اچھے نام آنحضرت اور أئمّہ طاہرینؑ ہیں، جن سے اللہ کو پکارنے کا حُکم دیا گیا ہے

بُروشسکی نظموں کے لِسانی، ادبی، اور علمی پہلو میں بھی خُدائے برتر کے احسانات ہیں، وہ یہ کہ اِنشاء اللہ اسی بُنیاد پر بروشسکی کتابیں ہوں گی، ترجمے ہوں گے، لغات ہو گی، اور رفتہ رفتہ ہر وہ چیز ہو گی، جو کِسی کتابی زبان میں ہو سکتی ہے، لیکن یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے، کہ آیا یہ ممکن ہے کہ اتنا سارا کام صرف ایک ہی شخص اپنی زندگی میں مکمّل کر دے؟ جواباً عرض ہے کہ یہ ممکن نہیں، بلکہ یہ کام ساری قوم کا ہے، جس کے قابل اور دانشمند افراد حال اور مستقبل میں اس علمی و ادبی میدان میں آگے بڑھ کر کام کریں گے۔

میں نُورِ امامت اور چراغِ ہدایت کے اُن جان نثار پروانوں اور سچّے عاشقوں کا جان و دل سے شکر گُزار اور ممنُون ہوں، جو اپنے لحنِ داوٗدی سے ان دلکش مناقب کو پڑھ کر نیک نام جماعت کو امامِ برحقؑ کے پُر حکمت عشق کا درس دیتے ہیں، جو محفلِ عُشّاق میں شمع محبت فروزان کرتے ہیں، جو سُننے والوں

کے دلوں سے زنگِ غفلت کو دُور کر دیتے ہیں، جو رُوحوں کو اسرارِ معرفت کی دعوت دیتے ہیں، جو سامعین کو براہِ سماعت شرابِ طہور پلاتے ہیں، جو یارانِ حقیقت پر جنت کے پھُول برساتے ہیں، جو لوگوں کے سامنے بہشت کے میوہائے شیرین رکھ دیتے ہیں، جن کی رسیلی آواز سے سماوی عِطر کی خُوشبُو آتی ہے، جو صورِ اسرافیل بن کر قیامتِ صغرا برپا کرتے ہیں، اور جو اہلِ محبت کی آنکھوں کے آسمان سے بارانِ اُلفت برسنے کا باعث ہوتے ہیں، اُن تمام منقبت خوان عاشقوں سے میری رُوح بار بار فدا ہو!

آخر میں نہ صرف اصُولی طور پر بلکہ اخلاص و محبت کی رُوح میں بھی خانۂ حکمت اور اِدارۂ عارف کے ذکرِ جمیل کا فریضہ ادا کرنا ہے، یہ دونوں نیکنام اِدارے اپنے بے شمار کاموں کے علاوہ بروشسکی ریسرچ کمیٹی کی بھی سرپرستی کر رہے ہیں، اِس سلسلے میں مرکزی دفتر اور تمام شاخوں میں اس زبان کی تحقیق و احیاء کا کام ہو رہا ہے، جناب فتح علی حبیب صدر خانۂ حِکمت، اور جناب محمّد عبد العزیز صدرِ ادارۂ عارف عالمِ ناسُوت کے عظیم فرشتوں میں سے ہیں، وہ عُلومِ امامت کے جان نثار عاشق ہیں، لہٰذا وہ رضاکارانہ طور پر جماعت کی علمی خدمت

کرنا چاہتے ہیں، اور وہ اس کے لئے شب و روز محنتِ شاقہ سے کام کرتے ہیں، یہ دونوں پریذیڈینٹز دینی علم پھیلانے کے سلسلے میں بڑے سرفروش اور جان باز ہیں، اسی طرح دُوسرے تمام عملدار اور ارکان جذبۂ قربانی اور ولولۂ جان نثاری سے کام کرتے ہیں، صدر فتح علی حبیب، اور صدر محمّد عبدالعزیز نے یہ ایک عُمدہ مشورہ دیا ہے، کہ تمام بروشسکی نظموں کی ایک جُداگانہ لغات بہت جلد بنادی جائے، تاکہ اس سے نہ صرف بروشسکی مناقب کی گہرائی تک جانے کا موقع ملے بلکہ ہمیشہ کے لئے الفاظ و معانی کی حفاظت بھی ہوگی۔

یہ مُفلس، دوریش، اور بندۂ حقیر اپنے ساتھیوں کی گرانقدر خدمات سے بیحد شادمان ہوکر کہتا ہے کہ: "امامِ اقدس و اطہرؑ کے ہر چھوٹے بڑے ادارے سے ہمارے اِدارے اور ہم قربان! ہمارا سب کچھ فدا ہو!" اُمید ہے کہ اِس مُقدس قربانی اور فداکاری کے لئے میرے جملہ عزیزان جہاں بھی ہوں میرے ساتھ اِتفاق کریں گے۔

ذرۂ خاک

نَصیر الدّین نَصیر ہونزائی

مورّخہ: ۱۶/ جنوری ۱۹۸۵ء

لشکرِ اسرافیلی

۱۔ قرآن حکیم کے بہت سے ارشادات میں اللہ تعالیٰ کے لشکر کا ذکر آیا ہے۔ جیسے سورۂ فتح (۴۸:۴، ۴۸:۷) میں فرمایا گیا ہے: وَلِلّٰہِ جُنُودُ السَّمٰوٰتِ وَالاَرضِ = اور آسمان و زمین کے (تمام) لشکر اللہ تعالیٰ ہی کے ہیں۔ یعنی خداوند تعالیٰ کی بادشاہی میں روحانی اور جسمانی ہر قسم کے لشکر موجود ہیں، اور ان میں اسرافیلی لشکر بھی ہیں، چنانچہ آج یہاں ہم لشکرِ اسرافیلی کا کچھ تذکرہ کریں گے۔

۲۔ اسرافیلی لشکر وہ خوش نصیب اور نیک بخت مومنین و مومنات ہیں، جن کو ربِّ کریم نے لحنِ داؤدی کی نعمتِ عظمیٰ سے نوازا ہے، جن کے توسّط سے ہمیشہ اہلِ ایمان کے لئے غذائے روحانی مُہیا ہوتی رہتی ہے، ان کی شیریں اور سُریلی آواز گویا صُورِ اسرافیل کا معجزہ ہے، کیونکہ وہ اپنی خداداد صلاحیت سے ہوا جیسی بیجان چیز میں نغمگی کی روح ڈال کر اس کو زندہ کر دیتے ہیں، اور یہ پُرحکمت عمل آیاتِ قدرت میں سے ہے، لہٰذا

اس میں غور کرنے کی ضرورت ہے۔

۳۔ وہ پاکیزہ نفوس بڑے باسعادت ہیں، جو ساز و آواز کے اسلحہ سے لیس ہو کر نفسانیت، جہالت اور غفلت کے خلاف جہاد کرتے رہتے ہیں، جس کی وجہ سے مولائے پاک کے عاشقوں کو گریہ وزاری اور محویت و فنائیت کی عظیم نعمت حاصل ہو جاتی ہے، ہم سب لشکرِ اسرافیلی کے شکر گزار اور ممنون ہیں کہ وہ ہم کو بار بار پگھلاتے ہیں، ترجمۂ آیۂ شریفہ ہے: کوئی چیز ایسی نہیں جو اس کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح نہ کر رہی ہو، مگر تم ان کی تسبیح سمجھتے نہیں ہو (۱۷:۴۴) یقیناً ہر چیز اپنی جگہ پر زبانِ حال سے بھی تسبیح پڑھتی ہے، اور انسانِ کامل میں آ کر زبانِ قال سے بھی تسبیح خوانی کرتی ہے، جیسا کہ آیۂ کریمہ کا ترجمہ ہے: ہمیں اُسی خدا نے گویائی دی ہے جس نے ہر چیز کو گویا کر دیا ہے (۴۱:۲۱)۔ یعنی جہاں انسانِ کامل میں روحانی قیامت برپا ہو جاتی ہے وہاں صورِ اسرافیل کی ہمہ رس آواز سے تمام چیزیں زندہ ہو کر جمع ہو جاتی ہیں، اور ناقور کے ساتھ ہم آہنگ ہو کر تسبیح خوانی کرتی رہتی ہیں، آپ حضرتِ داؤد علیہ السّلام کے قصے میں بھی دیکھیں: ۲۱:۷۹، ۳۴:۱۰، ۳۸:۱۸۔

۴۔ ہر ایک اپنی نماز اور تسبیح کا طریقہ جانتا ہے (۲۴:۴۱)۔

کائنات کی ہر چیز اللہ کے لئے سجدہ کرتی ہے (۱۶:۴۹) اِس سے معلوم ہوا کہ ساز و آواز میں بھی عبادت کا راز ہے، یہی وجہ ہے کہ حضرت داؤد علیہ السّلام زبور کو مختلف سازوں کے ساتھ پڑھا کرتے تھے، اسی لئے زبور کو مزامیرِ داؤد کہتے ہیں مزامیر کے معنی ہیں: مِزمار کی جمع، بانسریاں، مطربوں کے ہر قسم کے ساز، راگ، گیت، راگ میں کی جانے والی دعائیں۔

۵۔ زبور میں شریعت کے احکام نہ تھے، بلکہ اِس کا مقصد یہ تھا کہ بنی نوع اِنسان کو آسمانی عشق کی تعلیم دی جائے، اور قانونِ فطرت کے مطابق یہ امر بھی ضروری تھا کہ سازوں کی حکمت سے نفس کو فنا کر دیا جائے، اگر یہ بات نہ ہوتی تو قرآنِ حکیم زبور کے ساتھ موسیقی کے استعمال پر تنقید کرتا، جس طرح توریت اور انجیل میں تحریف و آمیزش کرنے کی مذمت کی گئی ہے۔

۶۔ حضرتِ داؤد علیہ السّلام آسمانی عشق کی کتاب (زبور) کو مختلف سازوں کی موسیقی کے ساتھ پڑھا کرتے تھے، یقیناً ان کا یہ طرزِ عمل اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے مطابق تھا، کیونکہ ربِّ کریم نے ہر پیغمبر کو ایک خاص معجزہ عطا کیا تھا، اگرچہ باطن اور روحانیت میں سارے معجزات جمع ہو جاتے ہیں، تاہم

ظاہر میں ایسا نہیں، پس معلوم ہُوا کہ حضرتِ داؤد (ع) ناقورِ قیامت کی نمایاں مثال تھے، تاکہ لوگ اللہ کے پیغمبروں کی طرف دیکھیں، اور ان کے نمونوں سے فائدہ اٹھائیں۔

۷۔ جو لشکرِ اسرافیلی ہیں، وہ خود کو اور اپنے کام کو خوب جانتے ہیں، ان پر خداوندِ قدّوس کا بہت بڑا احسان ہے، ہم سب ان کو بہت بہت چاہتے ہیں، وہ ہماری روح (جان) ہیں، کیونکہ ہم سب ایک ہی بادشاہ کے لشکر ہیں، اور مل کر ایک عظیم فتح حاصل کرنی ہے، ان شاء اللہ ہم فتحیاب ہو جائیں گے۔

۸۔ لشکرِ اسرافیلی کو ہم سب سلامِ محبّت پیش کرتے ہیں، پُر خلوص دست بوسی بھی قبول ہو! یاد رہے کہ اہلِ ایمان کے لئے بہشت میں سب کچھ ہے، ہر چیز ہے، ہر خزانہ ہے، اور ہر مرتبہ ہے، اور وہاں کوئی بھی نعمت غیر ممکن نہیں۔

BURUSHASKI LANGUAGE RESEARCH ACADEMY
living ancient language

نصیر الدّین نصیر (حُبِ علی) ھونزائی
ذوالفقار آباد ۔ گلگت
یکم اگست ۱۹۹۸ء

اسرافیل = جَدّ = فرشتۂ عشق

میں حضرتِ امامِ آلِ محمّد کے تمام عاشق مریدوں کا ایک غلام ہوں، لہٰذا میں ہمیشہ یہ کوشش کرتا رہتا ہوں کہ جہاں کہیں بھی ہو سکے تو مولائے پاک کے مقدّس عشق کی کوئی بات ہو، یا اس کے کسی عاشقِ صادق کا کوئی تذکرہ ہو، مثال کے طور پر سُو جُو کُم گوجال کے کئی مقامات پر میں نے ذکرِ جلی کا معجزہ دیکھا، خصوصاً چہ پُرسان میں، شاید وہاں کے اکابرین کو یہ واقعات یاد ہوں، میں نے وہاں ایک بزرگ ماں کو ذکرِ جلی کے دوران جماعت خانہ میں پرواز کرتی ہوئی دیکھا، دوسرے ایک گاؤں میں مولا کا ایک رباب نواز عاشق تھا، وہ رباب پر مولائے پاک کی مدح سرائی اور ذکرِ جلی کرتے کرتے قُقنس کی طرح مست ہوا کرتا تھا، اور مستی کے عالم میں اس کے ہاتھ سے رباب چھوٹ جاتا اور اسے خبر تک نہ ہوتی۔

مولائے مومنان کے ایسے بہت سے عاشق ہیں جن کو لشکرِ اسرافیلی کہنا بجا ہے، کیونکہ اسرافیل جو صاحبِ صور (ناقور) ہے،

وہ فرشتۂ جدّ بھی ہے جو فرشتۂ عشقِ مولا ہے، پس مولا کی مدح سرائی کرنے والے تمام عاشقین یقیناً لشکرِ اسرافیلی میں شمار ہوتے ہیں، واللہ ان کی خوش آوازی اور دف و رباب کی تاثیر سے قلوبِ عُشاق پگھلتے ہیں، اور یہی کام بڑے پیمانے پر اسرافیل بھی کرتا ہے مگر وہ بہت بڑا معجزہ ہے، اے کاش! لوگ اسرافیل اور عزرائیل کے معجزات کو دیکھتے تو لشکرِ اسرافیلی سے بہت فائدہ اٹھاتے!

ن۔ن۔(حُبِّ علی) ھونزائی (ایس۔آئی)
منگل یکم مئی ۲۰۰۱ء

BURUSHASKI RESEARCH ACADEMY
living ancient language

بُرُوشوقوم اوران کے آباواجداد کو ہزاروں سلام!

سورۂ روم (۳۰:۲۲) میں ارشادِ خداوندی ہے:۔

وَ مِنْ اٰیٰتِہٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِکُمْ وَ اَلْوَانِکُمْ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّلْعٰلِمِیْنَ۔

ترجمہ: اور اس کے معجزات میں سے آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور تمہاری زبانوں اور تمہارے رنگوں (شکلوں) کا اختلاف ہے، یقیناً اس میں معجزات ہیں حقیقی عالموں کے لئے۔

اس آیۂ شریفہ کی خاص اور اوّلین حکمت یہ ہے کہ جس طرح کائنات کی تخلیق اللہ تعالیٰ ہی نے کی ہے، اسی طرح انسانوں کی بولیوں کی گونا گونی اور رنگوں (اور شکلوں) کا اختلاف بھی اسی کے معجزات میں سے ہے، اور اس میں ان عُلَمَاء کے لئے معجزات ہیں جو علمِ روحانی جانتے ہیں۔

مذکورۂ بالا آیۂ کریمہ میں ٹھیک ٹھیک غور وفکر کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر زبان باطنی پہلو سے خدا کا معجزہ ہے، چنانچہ جب عارفانہ موت اور روحانی قیامت میں مومن پر فرشتے نازل

ہو کر اس مومن کی بولی میں باتیں کرتے ہیں تو اس معجزے سے مومن کو انتہائی حیرت ہوتی ہے (۴۱:۳۰)۔

یہ فریضہ بھی میرے فرائض میں شامل ہے کہ میں بُرُوشو قوم اور ان کے آباواجداد پر ہزاروں سلام بھیجوں کہ انہوں نے زمانہ ہائے دراز سے اس زبان کی حفاظت کی اور اسے ہم تک پہنچا دی، جس میں ہم نے عرصۂ دراز تک عارفانہ کلام بنایا، جس سے بے شمار مومنین و مومنات نے روحانی فائدہ حاصل کیا، لہٰذا ہماری درویشانہ دعا یہ ہے کہ رَبّ العزّت ان تمام اہلِ ایمان کو اپنی رحمتِ بے پایان سے نوازے جو دینی کتابوں سے اپنے ایمان کو تقویت دیتے ہیں۔

اگرچہ بنیادی طور پر بروشسکی زبان ہونزہ، نگر اور یاسین میں ہے، لیکن اس کتاب میں یقیناً عارفانہ کلام ہے، یہ اصطلاح سطحی تعریف کی غرض سے ہے یا یہ حقیقی معنوں میں عارفانہ کلام ہے؟ اس کا جوابِ باصواب ان تمام عاشقوں سے ملے گا جو اہلِ زبان ہیں یا نہیں ہیں، لیکن وہ مولا کے عقیدت منداور عاشق ضرور ہیں، یہی وجہ ہے کہ گوجال، شناکی، پُنیال، یاسین، اشکومن، غذر وغیرہ میں یہ عارفانہ کلام پڑھا جاتا ہے، میرا خیال ہے کہ ان عاشقوں نے ان نظموں میں ضرور بضرور کوئی خزانہ دیکھا

ہے، خدا کرے کہ وہ انمول خزانہ ان کو مل جائے!

زبان کی اہمیت اپنی جگہ پر ہے لیکن روحانی رشتہ اس سے اعلیٰ ہے جس سے فائدہ اٹھانے کیلئے امامِ عالیمقام کا عشق اور حقیقی علم ضروری ہے، آپ سوچیں امامِ زمان کا عشق کس طرح ممکن ہے، آپ دیکھیں کہیں کہیں امام کے عاشق ہیں یا نہیں؟ واللہ میں نے دیکھا ہے مولا کے عشّاق ہر جگہ ہیں، آیئے امامِ زمان کے عاشقوں سے بتدریج اثر لیں اور ہم بھی ان میں سے ہو جائیں، ہماری جماعت کے بعض افراد مولا کی محبّت میں بہت ترقّی کر سکتے ہیں تو ہم کیوں ترقّی نہیں کر سکتے، چلو ہم ناردرن ایریاز کے گاؤں گاؤں ایک تحقیقی دورہ کر کے دیکھیں کہ کہیں عشقِ مولا کی کوئی آواز آتی ہے یا نہیں، خدا گواہ ہے میں نے ہر جگہ یہ آواز سُنی، اور بار بار یہی آواز سُنی ہے، میں اس آواز پر آنسو بہانا چاہتا ہوں، اے خدائے قادرِ مطلق تیرے نورِ پاک کے عاشقوں کی مدد فرما! یا اللہ ہمارے قلوب کو نورِ عشق سے منوّر فرما! یا اللہ ہمیں اتفاق و اتّحاد کی حقیقی قوّت عطا فرما! خدایا بحرمتِ محمّد و آلِ محمّد ہمیں علم و حکمت کی لازوال دولت نصیب کر!
